Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

22نومبر2013

برائے رابطہ: اینڈریو آرمسٹرانگ، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

پاکستان میں کاروباری مواقعوں میں اضافے کیلیے امریکی قونصل خانے کے تعاون سے کانفرنس کاانعقاد

کراچی۔امریکی قونصل خانے،انٹیل پاکستان اور National Entrepreneurship Working Group (New-G) کے اشتراک سے کاروباری شخصیات،ماہرین تعلیم اور حکومتی عہدیداروں کیلیے کانفرنس کاانعقاد کیا گیا جس میں پاکستان میں معاشی ترقی کیلیے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری منصوبوں کی اہمیت کواجاگر کیا گیا۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کراچی میں متعین امریکی قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین نے کہا کہ 'چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری منصوبے کسی بھی ملک کی معاشی ترقی میں انتہائی اہم کردارادا کرتے ہیں۔امریکہ میں اس قسم کے منصوبوں کی کامیابی کے بعد امریکی حکومت کی کوشش ہے کہ پاکستان میں بھی اس تصور کوفروغ دیاجائے۔'

National Entrepreneurship Working Group (New-G) کے صدر رضوان راضوی نے کانفرنس کے انعقاد کے مقاصد پر روشنی ڈالی۔ان کا کہناتھا کہ اس کانفرنس کامقصد کاروباری مواقعوں میں اضافے کیلیے تمام شراکت داروں کوایک جگہ اکٹھا کرناہے۔

NEW-G چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری منصوبوں کے فروغ کیلیے کام کرنے والے کئی اداروں کامجموعہ ہے جوامریکی قونصل خانے کے تعاون سے پاکستان میں معاشی ترقی کیلیے اہم کردارادا کررہاہے۔

###